Member APNS

کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

ABC Certified

ایڈیٹر: ریاض احمد

جلد 22 | جمعرات 29 اکتوبر 2026ء | 17 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 105

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں، 9 دہشتگرد ہلاک

ضلع کچھی میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کا ٹھکانہ تباہ کردیا، وڈھ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران مزید 2 دہشت گرد مارے گئے

دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شہباز شریف

کچھی / راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کچھی اور وڈھ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 9 دہشت گرد ہلاک ہوگئے جبکہ صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

شہباز شریف سے حنیف عباسی کی ملاقات، منصوبوں سے آگاہ کیا

وزیراعظم کی ریل کے سفر کو محفوظ اور بااعتماد بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ریل کے سفر کو محفوظ اور بااعتماد بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے پاکستان (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا کی صورتحال، وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس (آج) متوقع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی زیر صدارت خیبر پختونخوا کی صورتحال بارے اجلاس (آج) جمعرات کو ہوگا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

پاک بحریہ کے سربراہ اور کویتی بحریہ کے کمانڈر کی ملاقات

پاکستان اور کویت کے درمیان دوطرفہ بحری تعاون مزید مضبوط بنانے پر گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) نے کہا ہے کہ پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف اور کویتی بحریہ کے کمانڈر میجر جنرل سیف عبدالہادی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆ اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سرکاری اسکولوں میں ریفارمز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں ☆☆☆☆☆

ترکیہ نے گزشتہ ایک صدی کے دوران نمایاں پیشرفت کی ہے

آصف علی زرداری

پاکستان مشکل وقت میں ترک قیادت اور عوام کی جانب سے فراہم کی جانے والی فراخدلانہ حمایت اور یکجہتی کے اظہار کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

آصف زرداری کا یومِ جمہوریہ ترکیہ پر پاکستان اور ترکیہ کے تاریخی برادرانہ تعلقات اور دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، تعلیم، ثقافت اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں قریبی تعاون (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے 6 رفقا کی فہرست جیل حکام کو جمع کرادی گئی

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے جمعرات کو رفقاء کی ملاقات کیلئے تحریک انصاف کی جانب سے 16 افراد کے ناموں پر مشتمل فہرست جیل حکام کو جمع کرا دی گئی۔ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

ایف بی آر کا ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ

ٹیکس ریفنڈز کی خودکار جانچ کا نظام مختلف دستیاب ڈیٹا کو باہم ملا کر ریفنڈ میں غلطیوں، تضادات اور قانونی مسائل کی نشاندہی کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلے میں اتھارٹی پر ٹیکس کریڈٹ (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

میڈرڈ اسپین میں دو ٹرینوں کے حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں جاری ہیں

دہشتگردی کی فضا ختم کرکے انجام تک پہنچایا جائیگا، بلوچ بچیوں اور بچوں کو تعلیم سے دور رکھنا دہشت گردوں کا مقصد ہے

بزدلانہ حملے حکومت کے عزم اور حوصلے پست نہیں کرسکتے

میر سرفراز بگٹی

ماضی میں بھی دہشت گرد متعدد پروفیسرز کو قتل کرچکے ہیں اور اب ان کی کارروائیوں کا دائرہ طلبہ اور طالبات تک پہنچ گیا ہے، دہشت گردوں کے ایسے سفاکانہ حملے حکومت کے ارادوں کو کمزور نہیں کرسکتے

بلوچ بچیوں کو تعلیم سے دور کرنا، ان پر حملے کرنا اور معصوم طالبات کو گولیوں کا نشانہ بنانا کون سی بلوچیت اور کون سی روایات ہیں؟ بلوچ معاشرہ اپنی روایات کا امین ہے

جو لوگ ریاست کے آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے دلیل کی بنیاد پر بات کرنا چاہتے ہیں، ان کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے سے دہشت گردی کی فضا ختم کرکے دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا، بزدلانہ حملے حکومت کے عزم اور حوصلے پست نہیں کرسکتے۔ بلوچ بچیوں اور بچوں کو تعلیم سے دور رکھنا دہشت گردوں کا مقصد ہے، تاہم بلوچستان حکومت کسی صورت تعلیمی ادارے بند نہیں کرے گی بلکہ اپنے بچوں کو تعلیم، شعور اور روزگار کے مواقع فراہم کرے گی۔ جو لوگ ریاست کے آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی کیساتھ بلز پر کوئی اختلاف نہیں، وزیراعظم نذیر تارڑ

اسپیکر قومی اسمبلی نے متعدد پروڈکشن آرڈرز جاری کیے ہیں، معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے پروڈکشن آرڈر جاری کرنا اسپیکر کا اختیار ہوتا ہے

اتحادی جماعتوں کو خوش دلی سے بریفنگ دی جاتی ہے، پارلیمانی سیاست میں ہلکی پھلکی موسیقی بھی نہ ہو تو پھر کیا فائدہ؟، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور حکومت کے درمیان بلز پر کوئی اختلاف نہیں، کابینہ میں شامل اتحادی جماعتوں کے ساتھ بلز پہلے ہی زیر بحث آجاتے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے گفتگو کے دوران کہا کہ اتحادی جماعتوں کو خوش دلی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ کا حلف اٹھالیا

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے جسٹس منیب اختر سے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف لیا، حلف برداری کی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

ملکی ترقی کیلئے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہے، وزیراعظم

علی بابا کی جانب سے پاکستان کی زرعی اجناس کی برآمد کیلئے چینی مارکیٹس میں برآمد کیلئے تعاون خوش آئند ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ علی بابا کی جانب سے پاکستان کی زرعی اجناس کی برآمد کیلئے چینی مارکیٹس میں برآمد کیلئے تعاون خوش آئند ہے، علی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے سربراہ محمود اچکزئی پی ایس او جنوبی پشتونخوا زون کی کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

عمران خان سمیت تمام قیدیوں کو اسلام آباد کی نئی ماڈل جیل منتقل ہونا ہے

امن کیلئے پاکستان کے کردار کی دنیا معترف ہے

عطا تارڑ

ایران میں اجلاس پاکستان کی بہت بڑی کامیابی ہے، فیلڈ مارشل کی کوشش کے نتیجے میں مسلم امہ ایک جگہ اکٹھی ہوئی

اسلام آباد ماڈل جیل مکمل فعال ہونے کے بعد اسلام آباد انتظامیہ فیصلہ کرے گی، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ عمران خان سمیت تمام قیدیوں کو اسلام آباد کی نئی ماڈل جیل منتقل ہونا ہے، اسلام آباد انتظامیہ فیصلہ کرے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران میں اجلاس پاکستان کی بہت بڑی کامیابی ہے، فیلڈ مارشل کی کوشش کے نتیجے میں مسلم امہ ایک جگہ اکٹھی ہوئی، (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی سے متعلق مذاکرات

سپیکر چیمبر میں ہونے والی ملاقات میں وفاقی وزرا اور پیپلز پارٹی کے وفد نے شرکت کی

مذاکرات کے دوران رائٹ آف وے بل پر پیپلز پارٹی نے سخت موقف اپنایا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی سے متعلق مذاکرات کا دوسرا دور ہوا، دونوں جماعتوں نے بات چیت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ سپیکر (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

جنوبی افریقا میں تارکین وطن مخالف مظاہروں کے پیش نظر شاپنگ مال اور گاڑیوں کو آگ لگادی گئی ہے

کے پی میں گورنر راج 6 ماہ بعد اٹھالیا جائے گا، طارق فضل

ہمارے دروازے بات چیت کیلئے کھلے ہیں، امن قائم ہونے پر ایمرجنسی بھی اٹھالیں گے

ایک مستحکم، مضبوط اور خوشحال پاکستان کے تین نکاتی ایجنڈے پر سب کو مل بیٹھ کر بات کرنا ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایک بار پھر کہا ہے کہ ایک مستحکم، مضبوط اور خوشحال پاکستان کے تین نکاتی ایجنڈے پر سب کو مل بیٹھ کر (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

فرعون نے تشدد کا راستہ اختیار کیا ملک کسی کا نہیں سب کا ہے

مولانا فضل الرحمان

پارلیمنٹ عوام کا نمائندہ ادارہ ہے، برداشت کی قوت ختم ہوگئی ہے، معاملات بگڑتے چلے جارہے ہیں، آئیں ایک میز پر بیٹھیں اور نیا میثاق جمہوریت کریں

ہم آپ کے ہاتھوں مرنے کیلئے تیار ہیں مگر تاریخ میں مرنے کے لیے تیار نہیں ہیں، سربراہ جمعیت علمائے اسلام

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہم آپ کے ہاتھوں مرنے کو تیار ہیں تاریخ کے ہاتھوں مرنے کو تیار نہیں ہیں، یہ ملک کسی جرنیل کا نہیں ہم سب کا ہے، پارلیمنٹ عوام کا نمائندہ ادارہ ہے، برداشت کی قوت ختم ہوگئی ہے، معاملات بگڑتے چلے جارہے ہیں، آئیں ایک میز پر بیٹھیں اور نیا میثاق جمہوریت کریں، یہ ملک کسی کا نہیں، اس میں حکومت بھی ہو اپوزیشن بھی ہو۔ قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ سندھ کی وزیراعظم کی ریگولیٹری اصلاحات کمیٹی سے ملاقات

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے وزیراعظم کی ریگولیٹری اصلاحات سے متعلق رابطہ کمیٹی کے وفد سے ملاقات کی، جس میں صوبے میں کاروبار اور (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

یمنی فوج کے حوثیوں کیخلاف حملے، 440 کمانڈرز اور جنگجوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

حوثی ملیشیا کو شکست دینے کیلئے عالمی اتحاد تشکیل دینے کی ضرورت ہے، سعودی سفیر برائے امریکا

آبنائے باب المندب کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کے لیے آپریشن جاری ہے، یمنی فورسز

ریاض/صنعا (این این آئی) یمنی مسلح افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ فوجی آپریشن کے دوران گزشتہ 24 گھنٹوں میں 1300 سے زائد فضائی حملے کیے گئے جن میں حوثی گروپ کے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

پیٹرول پر کسٹم ڈیوٹی 5 روپے 71 پیسے فی لیٹر کم کردی گئی، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (این این آئی) حکومت نے پیٹرول پر کسٹم ڈیوٹی میں کمی کردی، جبکہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے پیٹرولیم (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے مکہ دفاعی اتحاد کے سیکرٹری جنرل نعمان محمود کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

سکھر، ملتان سکھر موٹروے پر حادثے کا شکار ایل پی جی باؤزر

مولانا فضل الرحمان کی علامہ ناصر عباس سے ملاقات

سیاسی صورتحال اور آل پارٹیز کانفرنس سے متعلق مشاورت

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ ناصر عباس سے ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی صورتحال اور آل پارٹیز کانفرنس سے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

پاکستان کے مستقبل کی منصوبہ بندی میں نوجوانوں کی شمولیت ناگزیر ہے

احسن اقبال

بنوشاہین کا مقصد نوجوانوں کو علامہ اقبال کے شاہین کی طرح خود اعتماد، باصلاحیت اور عملی کردار ادا کرنے والا بنانا ہے

نسل 1947 نے محدود وسائل کے باوجود ایک آزاد مملکت حاصل کرنے کا خواب حقیقت میں بدلا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کے مستقبل کی منصوبہ بندی میں نوجوانوں کی شمولیت ناگزیر ہے کیونکہ آج کے نوجوانوں کی موثر شمولیت کے بغیر کوئی بھی قومی ترقی کا منصوبہ پائیدار ثابت نہیں ہوسکتا، پروگرام نوجوانوں کو محض مسائل کی نشاندہی تک محدود رکھنے کے بجائے ان کے عملی حل تلاش کرنے اور آنے والی نسلوں نے حاصل کرنے ہیں، بنوشاہین (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی مستعفی، استعفیٰ صدر مملکت کو ارسال

جسٹس محسن اختر کیانی اسلام آباد ہائیکورٹ سے ٹرانسفر ہوکر لاہور ہائیکورٹ میں فرائض انجام دے رہے تھے

ذاتی وجوہات، سرجری کے بعد صحت کے مسائل اور ضمیر کی آواز کو فیصلے کی بنیاد قرار دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ کے جج جسٹس محسن اختر کیانی نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ صدرِ پاکستان کو ارسال کیے گئے اپنے استعفیٰ میں انہوں نے ذاتی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

متنازع قانون سازی سے گریز کیا جائے، جلد بازی میں مزید بحران پیدا ہوسکتا ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ متنازع قانون سازی سے گریز کیا جائے، جلد بازی میں قانون سازی سے مزید بحران (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین دوبارہ 15 روزہ بنیاد پر کرنے کی یقین دہانی

کراچی (این این آئی) پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین دوبارہ 15 روزہ بنیاد پر کرنے کے حوالے سے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

حکومت کا پمز اصلاحاتی عمل پیشرفت کا روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پمز اصلاحاتی عمل پیشرفت کا (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پشاور، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج ناغاتی کی طالبات ثقافتی ورثہ کی مناسبت سے تقریب میں اسٹال میں شریک ہیں

بلوچستان، چاغی کو دو حصوں میں تقسیم کرکے نیا ضلع قائم

واشک کی حد بندی میں بھی تبدیلی کردی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی کو دو حصوں میں تقسیم کرکے نیا ضلع قائم جبکہ ضلع واشک کی حد بندی میں تبدیلی کردی گئی۔ گورنر بلوچستان کے حکم سے جاری کردہ (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے ریاض حسین پیرزادہ کی ملاقات، جاری ہاؤسنگ سکیموں بارے پیشرفت سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات ریاض حسین پیرزادہ نے ملاقات (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

تجارت کے فروغ اور سہولت کاری کیلئے کوششوں کو تیز تر قرار دیا جائے

اسحاق ڈار

اسحاق ڈار کا برآمدات میں اضافے کے لئے حکومت کے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمت عملی کے عزم کا اعادہ

وزیر خارجہ کی زیر صدارت تجارت اور برآمدات کے فروغ سے متعلق بین الوزارتی اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے تجارتی سہولتوں کو بہتر بنانے، پاکستانی مصنوعات کے معیار میں بہتری اور یورپی یونین کے جی ایس پی پلس فریم ورک سے موثر اور جامع انداز میں استفادہ کرتے ہوئے منڈیوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی ہے کہ تجارت کے فروغ اور سہولت (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے ریاض حسین پیرزادہ کی ملاقات، جاری ہاؤسنگ سکیموں بارے پیشرفت سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات ریاض حسین پیرزادہ نے ملاقات (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور عوامی خدمت، جمہوریت اور آئین کی بالادستی ہے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

مولانا فضل الرحمان کی علامہ ناصر عباس سے ملاقات

سیاسی صورتحال اور آل پارٹیز کانفرنس سے متعلق مشاورت

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ ناصر عباس سے ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی صورتحال اور آل پارٹیز کانفرنس سے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

عوام سے 150 ارب روپے ماہانہ وصولی، 32 کا ریلیف کہاں کا انصاف ہے

حافظ نعیم

آئل ریفائنریز کے منافع میں 1100 فیصد اضافہ کیسے ہوا؟ ایل پی جی 250 کے بجائے 600 روپے میں فروخت ہورہی ہے

حکومت ایف بی آر کی کرپشن کا بوجھ عوام پر ڈالنے کے بجائے اس کرپشن کو ختم اور اس ادارے کو درست کیوں نہیں کرتی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے ادارہ نورحق میں کراچی آمد کے موقع پر پیٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کی عوامی تحریک، ملکی معاشی صورت حال اور دیگر قومی امور پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

طائف میں حوثیوں کے داغے گئے میزائل روک کر تباہ کردیئے، سعودی اتحاد

ریاض (این این آئی) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ طائف پر حوثیوں کی جانب سے داغے گئے بیلسٹک میزائل کو روک (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

ایل پی جی قیمتوں کا فارمولہ پیٹرولیم مصنوعات کی طرز پر طے کرنیکا فیصلہ

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) وزارت پیٹرولیم نے لیکوفائیڈ پیٹرولیم گیس کی قیمتوں کا فارمولہ پیٹرولیم مصنوعات کی طرز (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

حکومت کا بیرسٹر گوہر کی وزیراعظم سے ملاقات کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کی زوئل کانفرنس سے صدارتی خطاب میں کہا کہ پاکستان انتہائی بحرانی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

انٹربینک میں روپے کی قدر میں بہتری، ڈالر مزید 3 پیسے سستا ہوگیا

کراچی (این این آئی) انٹربینک مارکیٹ میں کاروباری ہفتے کے تیسرے روز پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

میری حمایت نے نیتن یاہو کی شکست کو کامیابی میں بدل دیا، ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ میری حمایت نے نیتن یاہو کی شکست کو کامیابی میں بدل دیا، (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

بوستان، زمین کے تنازعے پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ

3 افراد ہلاک جبکہ 4 زخمی، پولیس مزید کارروائی کررہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بوستان میں زمین کے تنازعے پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے 3 افراد کو ہلاک جبکہ 4 کو زخمی کردیا تفصیلات کے مطابق بدھ کو بوستان میں (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

یمنی فوج کے حوثیوں کیخلاف حملے، 440 کمانڈرز اور جنگجوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

آبنائے باب المندب کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کے لیے آپریشن جاری ہے، یمنی فورسز

ریاض/صنعا (این این آئی) یمنی مسلح افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ فوجی آپریشن کے دوران گزشتہ 24 گھنٹوں میں 1300 سے زائد فضائی حملے کیے گئے جن میں حوثی گروپ کے کمانڈ سینٹرز، جنگجوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ادھر یمن نے حوثی گروپ کے اس دعوے کو (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

پاکستان انتہائی بحرانی حالت میں ہے ہم پاکستان میں آبادی کے لحاظ سے اپنی حق حکمرانی چاہتے ہیں

محمود خان اچکزئی

بحران خارجی دشمنوں کی وجہ سے نہیں بلکہ ہماری اندرونی بدکاریوں، رشوت خوری، بے ایمانی کی وجہ سے پاکستان مشکل میں ہے

آج بھی پاکستان ایک اچھا ملک بن سکتا ہے اور اس کا واحد راستہ یہ ہے کہ یہاں جمہوری اداروں کو مضبوط کیا جائے

عوامی مینڈیٹ تسلیم کیے بغیر ملک بحرانوں سے نہیں نکل سکتا، قید پی ٹی آئی رہنما

حکومت نے آئین اور جمہوریت کو نقصان پہنچایا، عدلیہ کو تباہ کیا، شاہ محمود قریشی، یاسمین راشد، عمر سرفراز ودیگر

پنجاب میں سی سی ڈی کے مقابلوں میں تین ہزار سے زائد افراد کی ہلاکت کا دعویٰ

لاہور (این این آئی) کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت نے آئین اور جمہوریت کو نقصان پہنچایا، عدلیہ کو تباہ کیا، ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

مسائل کا حل بات چیت سے نکالا جائے، طلال چوہدری

اپوزیشن جب تک مذاکرات کی ٹیبل پر نہیں لوٹے گی معاملات حل نہیں ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن جب تک مذاکرات کی ٹیبل پر نہیں لوٹے گی معاملات حل نہیں ہوں گے۔ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس سے ملاقات کے بعد گفتگو میں انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے یتیم بچہ منیر احمد اپنے چھوٹے بھائی اور رشتہ دار کے ہمراہ ملاقات کررہا ہے

روان سال 5143 آپریشنز کے دوران کتنے دہشت گرد مارے گئے؟ تفصیلات آگئیں

قومی ایکشن پلان کے تحت انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں جاری ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے رواں سال میں ملک بھر میں دہشت گردوں کے خلاف 5143 ہزار آپریشنز کیے، جس کے نتیجے میں 2410 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ رواں سال کے پہلے ماہ کے دوران انٹیلی جنس بیسڈ (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

کراچی، جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان پریس کانفرنس کررہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

5 لاکھ ہونہار طلبہ میں کروم بکس تقسیم

وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ذہانت اور قابلیت کو غربت یا امارت میں قید نہیں ہونا چاہیے، ہونہار طلبا کو با اختیار بنانے کے لیے عظیم سفر کا آغاز کر رہے ہیں، ماضی میں نواز شریف کی زیر قیادت 6 لاکھ طلبہ میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے یہ بات ملک بھر کے 5 لاکھ ہونہار اسکول و مدارس کے طالب علموں کو میرٹ پر کروم بکس اور انٹرنیٹ کی سہولت کی فراہمی کے اجرا کی تقریب سے خطاب کہی۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ نوجوانوں کو تعلیم سے روشناس کرانا ہم سب کی ذمے داری ہے، طلبہ کو میرٹ کی بنیاد پر کروم بکس فراہم کی جا رہی ہیں، باصلاحیت طلبا پاکستان کے حقیقی اثاثہ ہیں، 5 لاکھ طلبہ میں کروم بکس 2 سال کی مدت میں تقسیم کی جائیں گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان بھر کے ہونہار طلبا کو با اختیار بنانے کے لیے عظیم سفر کا آغاز کر رہے ہیں، ماضی میں نواز شریف کی زیر قیادت 6 لاکھ طلبہ میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ ذہانت اور قابلیت کو غربت یا امارت میں قید نہیں ہونا چاہیے، دانش اسکولوں میں کھانے اور رہائش کی سہولت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ اس تقریب کے حوالے سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے بتایا تھا کہ تقریب میں ملک بھر سے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں بڑی تعداد میں شرکت کر رہے ہیں۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا کہ قابل بچے اور بچیاں ہی پاکستان کا سرمایہ ہیں، بچوں کو با اختیار بنانا، جدید ترین ٹیکنالوجی اور مہارتیں فراہم کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ باصلاحیت بیٹے اور بیٹیاں پاکستان کا حقیقی سرمایہ ہیں، طلبا و طالبات کو کروم بکس صرف میرٹ اور قابلیت کی بنیاد پر دی جا رہی ہیں۔

دراڑیں، سانپ، سنپولئے، 90 دن کی ڈیڈ لائن

(شیر افضل مروت بھولے بادشاہ ہیں خان کے جیل جاتے ہی پارٹی کی روح نکل گئی تھی اب صرف بے جان ڈھانچہ باقی ہے) مروت کا کہنا تھا ''سلمان اکرم راجہ پارٹی کے سیکرٹری جنرل ہیں مگر پارٹی کا باپ بننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بانی کی عدم موجودگی میں ارکان بے لگام، علی امین گنڈاپور اور محمود اچکزئی کا بے رحمانہ پوسٹمارٹم سخت تنقید کی گئی۔ کہا گیا انہوں نے مذاکرات کی مخالفت کی ناکام بنایا لانگ مارچ کے وقت وہ کوئٹہ چلے گئے۔ ایسے اپوزیشن لیڈر کا کیا فائدہ ارکان کی رضا کارانہ گرفتاریوں کی بات چھڑی اور چھڑتی چلی گئی کور کمیٹی اجلاس کی اندرونی کہانی انتہائی دلچسپ لیکن المناک، کور کمیٹی فیصلہ سازی سے عاری، سب سے بڑا المیہ، دھواں دھار تقریریں مگر کسی کو بھی فیصلے کرنے کا اختیار نہیں، ریفری کے بغیر ریسلنگ کا مظاہرہ، ایک سیانے نے سہیل آفریدی کے بارے میں کہا ''خان نے اپنی گاڑی کس ناتجربہ کار ڈرائیور کے حوالے کر دی، دوسرے نے گرہ لگائی ایک کا کیا مذکور سارے ڈرائیور ہی بلا لائسنس، پارٹی کو اندھے کنویں میں دھکیل رہے ہیں'' ذرائع کے مطابق کور کمیٹی کے اجلاس میں حکومت سے مفاہمت کا بھی ذکر ہوا کچھ نے حمایت کی، کچھ نے مخالفت مگر اجلاس کے ایک دو دن بعد ہی خیبر پختونخوا اسمبلی کے 68 ارکان نے موجودہ قیادت سے بغاوت کا اعلان کر دیا کہا گیا بانی کے نامزد کردہ چاروں وزرائے اعلیٰ قصر گمنامی میں جا گرے انہوں نے صوبے کے لیے کچھ نہیں کیا، آئندہ وزیرِ اعلیٰ اب خان کے کہنے پر نہیں حالات کے مطابق دیکھ بھال کر چنیں گے، ایک سینئر صحافی نے حقیقت پسندانہ تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ سہیل آفریدی کی واپسی مشکل، وہ نیب کے شکنجے میں تک پہنچ گئی، گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ میں چند گھنٹے لگے، اردگرد کے لوگ برقعے پہن کر زنانی چال چلتے بھاگ گئے، بیرسٹر گوہر نے نوحہ کیا ''ہم سے قلعہ چھین لیا کب تک اپنے پاس رکھیں گے یہ خان کا قلعہ ہے'' بیرسٹر صاحب کی خوش فہمی، بیرسٹر صاحب کا سوال ''کب تک پاس رکھیں گے؟ جواب سادہ اور آسان، جب تک صوبہ سے دہشتگردی کا خاتمہ نہیں ہو جاتا، جب تک ''باپوں'' کو کوئی فرماں بردار فرزند ارجمند نہیں مل جاتا، صوبہ ایسے فرماں بردار فرزندوں سے خالی نہیں ایک ڈھونڈو ہزار ملتے ہیں جلد مل جائیں گے۔ خیبر پختونخوا کے عوام مرزا غالب کی طرح ''خوبروؤں کو چاہتے'' ضرور تھے مگر ان کی خواہشات حسرتوں میں بدل گئیں، سہیل آفریدی کے جاتے ہی ارکان اسمبلی وزیر مشیر سب غائب ہو گئے۔ قلعہ میں دراڑیں پڑ گئیں، پارٹی میں دھڑے بندی، اختلافات، کور کمیٹی کے اجلاس میں رات دو بجے تک ایک دوسرے کے خلاف تقریریں، ریمارکس، سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے پارٹی میں سانپوں اور سپنولیوں کی موجودگی کا انکشاف کیا تو علی امین گنڈاپور نے معافی مانگنے کا مطالبہ کر دیا، غبن اور کرپشن کے الزامات سامنے آنے لگے 800 ارب کہاں گئے، مشعال یوسفزئی نے 90 کروڑ کے چندے اور شاندانہ گلزار نے 50 کروڑ اور 4 ارب کی کرپشن کے مطالبات دہرائے۔ شیر افضل مروت بھی وہیں موجود تھے سب کچھ دیکھا لئے وہ چپ رہے باہر نکل کر ہنس دیے کہنے لگے سلمان اکرم راجہ بہت اچھے وکیل ہیں مگر وہ پارٹی کی روح کو نہیں سمجھ پائے**

تحریر۔ مشتاق سہیل

پاکستان کی جین زی سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کیوں کر رہی ہے؟

شاید جین زی وہ دیکھ رہی ہے جو جنریشن ایکس اور جنریشن وائے دیکھنے سے قاصر ہے۔ بڑی وجہ سوشل میڈیا پر کامیاب سرمایہ کاروں کی کہانیاں ہیں۔ مشہور کہاوت ہے کہ جو دکھتا ہے وہ بکتا ہے۔ جب سوشل میڈیا پر پڑھے لکھے نوجوان، سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور شوبز شخصیات بار بار آ کر بتائیں گے کہ ہم نے سٹاک ایکسچینج سے ایک سال میں 55 فیصد سے زیادہ منافع کمایا ہے اور ساتھ میں وہ اپنا بہتر ہوتا لائف سٹائل بھی دکھائیں گے تو جین زی کا متاثر ہونا طے ہے۔ اس کے علاوہ انفارمیشن تک رسائی بہت آسان ہو گئی ہے۔ پہلے کسی کمپنی کی آڈٹ رپورٹ لینے کے لیے سٹاک ایکسچینج جانا پڑتا تھا۔ متعلقہ کمپنی کی آڈٹ رپورٹ حاصل کرنا بھی ایک مکمل امتحان پاس کرنے کے مترادف تھا جبکہ آج وہ رپورٹس ایک کلک پر دستیاب ہو جاتی ہیں۔ اگر کمپنی کی آڈٹ رپورٹ مل بھی جائے تو اسے سمجھنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں ہوتی تھی اس کے لیے آپ کو مکمل نہ سہی لیکن نیم چارٹرڈ اکاونٹنٹ ہونا ضروری تھا لیکن اب ایسا نہیں ہے۔ جین زی کو جدید ای آئی ٹولز میسر ہیں اور وہ ان کا استعمال بے بی بومرز، جنریشن ایکس، اور جنریشن وائی کی نسبت بہتر انداز میں کرتی ہے۔ جین زی آڈٹ رپورٹ کا لنک اے آئی کو دیتی ہے اور اسے درست پرامٹ کے ذریعے حکم دیتی ہے کہ اس کا فنانشل تجزیہ کر دو اور اے آئی چند سیکنڈز میں کمپنی کے ہر پہلو کو سامنے بیان کر دیتی ہے۔ اس سے کم وقت میں بہتر فیصلہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے۔ اس کے علاوہ یوٹیوب، فیس بک اور دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر اسٹاک مارکیٹ، کمپنیوں کے منافع اور حصص کی قیمتوں سے متعلق معلومات بھی آسانی سے دستیاب ہیں۔ ایک بڑی وجہ ڈیجیٹل ماحول کا پروان چڑھنا ہے۔ موبائل فون نے سرمایہ کاری آسان بنا دی ہے۔ پہلے اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے لیے بروکر کے دفتر جانا اور نسبتاً پیچیدہ کارروائی مکمل کرنا پڑتی تھی۔ اب ڈیجیٹل سہولتوں اور آسان اکاؤنٹس کے ذریعے نوجوانوں کے لیے مارکیٹ تک رسائی زیادہ آسان ہو گئی ہے۔ مارچ 2026 میں ایس ای سی پی نے سہولت اکاؤنٹ کی سرمایہ کاری کی حد 10 لاکھ روپے سے بڑھا کر 30 لاکھ روپے کر دی تھی، جبکہ اگست 2026 میں اکاؤنٹ کھولنے کا عمل مزید آسان بنانے کے لیے نیا ڈیجیٹل نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ سٹاک مارکیٹ میں تیزی نے بھی دلچسپی بڑھائی ہے۔ مالی سال 2025-26 میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے بینچ مارک کے ایس ای 100 انڈیکس میں روپے کے لحاظ سے تقریباً 44 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس کارکردگی نے ان نوجوانوں کی توجہ بھی کھینچی جو پہلے اپنی بچت بینک اکاؤنٹس یا نقد رقم کی صورت میں رکھتے تھے۔ سہولت اکاؤنٹس اور ڈیجیٹل ذرائع کے باعث

تحریر۔ میاں عمران احمد

کیا تھپڑ صرف غریبوں کا مقدر ہے؟

تھپڑ کھانے سے جو تذلیل محسوس ہوتی ہے، اس سے بڑی کوئی تذلیل نہیں اِس لئے تھپڑ کے حوالے سے محاورے بھی بنے ہوئے ہیں، نظام کے منہ پر تھپڑ یا قانون کے منہ پر طمانچہ جیسی اصطلاحیں بھی عام ہیں، مگر جس طرح کہتے ہیں کتا کاٹے تو خبر نہیں بنتی، اسی طرح غریب کے منہ پر امیر تھپڑ مار دے تو کوئی خبر نہیں بنتی۔ ہاں غریب تھپڑ مارے تو طوفان برپا ہو جاتا ہے۔ اب پٹرول والے تھپڑ بلکہ تھپڑوں کی گونج تو کہیں سنائی نہیں دے رہی البتہ تھانے میں اسی سیلز مین کی طرف سے تھپڑ نے اچھا خاصا ہنگامہ برپا کر رکھا ہے۔ ہاں غلط ہوا ایسا نہیں ہونا چاہئے تھا، مگر یہ بھی تو سوچیں یہ غریب سیلز مین کہیں اور تھپڑ کیسے مار سکتا تھا۔ وہ اگر مارنے والا ہوتا تو کیا پٹرول پمپ پر پٹتا۔ تھپڑ پر تھپڑ کھاتا اور اس کے ساتھی سیلز مین اُسے اسی طرح پٹتا دیکھتے، جواب میں وہ بھی ایک دو تھپڑ تو مار ہی سکتا تھا، مگر جانتا تھا کہ غریب ہے اور سامنے والا بڑی گاڑی میں آیا ہے۔ ایسا کیا تو نوکری سے بھی جائے گا اور تھانے میں بند بھی ہو گا۔ وہ یہ تھپڑ کھانے کے بعد اگلے دن جب پٹرول پمپ پر نوکری کے لئے جاتا تو سب اُسے ترس کھانے والی نگاہوں سے دیکھتے۔ شاید بعد میں کسی موقع پر تھپڑ کھانے کا طعنہ بھی دیتے۔ میں یہ مانتا ہوں یہ سب پلاننگ سے ہوا، پولیس کی مرضی اور شاید اوپر والوں کی خواہش سے مگر اِس سارے عمل میں کسی غریب کو حساب چکانے کا موقع تو مل گیا۔ اُسے گھر میں عزت تو ملی، ساتھیوں کو بھی یہ پیغام مل گیا اس کے ساتھ زیادتی ہوئی تھی، جس کا ازالہ ہو گیا۔ اب یہ لاہور میں سکوٹی چلانے والی پر جو تھپڑ برسے تھے، اُس پر ہم کیا کہیں۔ مارنے والے کی تو چوبیس گھنٹے سے بھی کم وقت میں ضمانت ہو گئی۔ اب یہ اعتراض کیونکہ وزیرِ اعلیٰ مریم نواز نے متاثرہ لڑکی کو فون کر کے جوابی تھپڑ مارنے کا کیوں کہا، کسی کو اندازہ بھی ہے اُس لڑکی پر اِس کا کیا نفسیاتی اثر ہوا ہو گا۔ وہ شاید ساری زندگی ان تھپڑوں کی چبھن سے نہ نکل سکتی، مگر اس فون کے بعد اُس کی ڈھارس بندھی۔ اُس نے تھپڑ مارنے سے انکار کیا اور کہا اتنا ہی کافی ہے کہ حکومت اُس کے تحفظ کے لئے موجود ہے۔ کسی کو اندازہ بھی ہے اگر یہ فون کال نہ گئی ہوتی تو اُس بچی پر ملزم کی ضمانت کا سن کر کیا گذرتی۔ اسے اپنا آپ ذرہء بے مایا لگتا۔ وہ سکوٹی نکالتے ہوئے سو بار سوچتی کہ پھر کوئی وحشی راستے میں اسے دھکا دے کر گرا دے گا اور تھپڑوں کی بارش کر دے گا۔ کچھ کام علامتی ہوتے ہیں، جن کے بڑے گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ صوبے کی وزیرِ اعلیٰ کا یہ پیغام کہ غریب کو تھپڑ مارنے والے امیروں کو بھی تھپڑ پڑے گا، کیا غلط ہے، کیا یہ بیان جاری کیا جاتا، امیروں کو حق حاصل ہے کہ وہ غریبوں کو جہاں اور جب چاہیں تھپڑ ماریں، غریبوں کو یہ تھپڑ ہنسی خوشی برداشت کرنا چاہئیں۔ میں نے خود اپنی زندگی میں ایسے سینکڑوں مناظر دیکھے ہیں، جب کوئی بڑی گاڑی والا یا اُس کے گن مین آگے جانے والے کسی موٹر سائیکل سوار یا لوڈر رکشہ والے کو اُتار کر تھپڑوں کا نشانہ بناتے ہیں۔ شاذ و نادر ہی کبھی ایسا ہوتا ہو گا کہ پاس کھڑا کوئی ٹریفک وارڈن یا پولیس والا اُس غریب کی مدد کو آئے، بلکہ الٹا اُسی کو سرزنش کرتے نظر آتے ہیں کہ تم نے صاحب کی گاڑی کو راستہ کیوں نہیں دیا۔ ایک بار تو میں خود تھپڑ کھانے سے بچا۔ کار پر جا رہا تھا کہ پیچھے سے ہوٹر بجاتی گاڑیوں کا قافلہ آ گیا۔ اب وہ لائنیں بھی مار رہے تھے اور ہارن بھی بجا رہے تھے جبکہ ہوٹروں کی بھیانک آواز علیحدہ تھی، مگر میرے لئے مسئلہ یہ تھا کہ بائیں طرف کرنے کے لئے جگہ ہی نہیں تھی کہ گاڑیاں پھنسی ہوئی تھیں۔ اتنے میں چند وردی پوش آئے اور انہوں نے دو چار سنائیں۔ میں نے کہا آپ ہی بتائیں میں گاڑی کیسے سائیڈ پر کروں، جگہ ہی نہیں۔ ایک نے ایسے ہاتھ اٹھایا جیسے میرے منہ پر طمانچہ مارنے لگا ہے۔ دوسرے نے روک دیا۔ مجھے آج تک اُس طمانچہ مارنے کے لئے اٹھایا گیا ہاتھ یاد ہے۔ ذرا سوچیں جن کو طمانچہ بلکہ زوردار تھپڑ لگ جاتے ہیں اُن کا حال کیا ہوتا ہو گا۔ آپ گولی ماردیں بندہ دنیا سے گذر کر عزت ذلت سے بے نیاز ہو جائے گا لیکن جسے تھپڑ کھا کے زندہ رہنا پڑے اُس کا عذاب اُسے تادیر یاد رہتا ہے۔ معاشرے کے بالا دستوں کو یہ احساس دلانے کی ضرورت ہے کہ تمہارے لئے تھپڑ ایک معمولی، ایک تفریح ہے، لیکن جس غریب و بے بس پر برستا ہے اُس کی نفسیاتی حالت عمر بھر اُس تازیانے کی ذلت اور تکلیف سے نہیں نکلتی۔ ہم نے تو یہ بھی دیکھا ہے کسی غریب نے تھپڑ کھایا ہو تو سبھی اسے ہی کہتے ہیں، کوئی بات نہیں، ایک تھپڑ ہی تو لگا ہے۔ ہاتھ پاؤں کی ہڈی تو نہیں ٹوٹی، حالانکہ ہڈی جڑ جاتی ہے، تھپڑ سے ٹوٹا دل نہیں جڑتا۔

مجھے ایسے کئی واقعات بھی یاد ہیں جن میں کسی وڈیرے نے گاؤں کے غریب پر تھپڑوں اور گھونسوں لاتوں کی بارش کر دی۔ جواب میں وہ غریب اگر تھپڑ مارنے کی غلطی کر بیٹھا تو اُس کی ساری زندگی جیل میں کٹی، ایسے سنگین جرائم کے پرچے اُس پر کروائے گئے اور خوفزدہ گاؤں والوں کی طرف سے گواہیاں دلوائی گئیں کہ قانون نے اُسے بری طرح جکڑ لیا۔ ارے بھائی کسی غریب کی بات آئے تو ہم فوراً قانون پسند بن جاتے ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ اس طرح تو معاشرہ انارکی کا شکار ہو جائے گا، جو شکار ہو چکا ہے اور جنہوں نے کہا ہے اُن کیلئے بھی تو قانون کو زندہ ہونا چاہئے۔ بااثروں کے لئے قانون تو بس اتنا ہے کہ ایک پیشی پر باہر آ جاتے ہیں، اُلٹا یہ واقعہ انہیں اس مولا جٹ پسند کرنے والے معاشرے میں ہیرو بنا دیتا ہے کہ دیکھو سرِ عام سڑک پر دھکا بھی دیا، تھپڑ بھی مارے، نہ وہاں کسی نے روکا، نہ قانون کچھ بگاڑ سکا، بندہ واقعی ہیرو ہے۔ مجھے معلوم ہے بہت سے لوگوں کو پسند نہیں آئے گا۔ وہ اسی پرانے نظریئے کو دہرائیں گے کہ اس طرح تو حالات بگڑ جائیں گے، قابو سے باہر ہو جائیں گے۔ سب کی طرح میری بھی خواہش ہے کہ وطنِ عزیز میں بغیر کسی طبقاتی امتیاز کے بغیر سب کو انصاف اور عزت سے جینے کا حق ملے مگر یہ غریب محنت کش، یہ سکوٹی چلانے والی بیٹیاں، یہ کیڑے مکوڑے اسی طرح تھپڑ کھاتے رہیں اور ہم انصاف کا ڈھنڈورا پیٹتے رہیں۔

☆☆☆

تحریر۔ نسیم شاہد

☆☆☆

بقیہ 1

کے موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان اور ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر زین اللہ کاکڑ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ہسپتال کے مختلف وارڈز، ڈاکٹرز کے او پی ڈی رومز، لیبارٹری، آپریشن تھیٹر، ایم آر آئی، سی ٹی اسکین سینٹر، ادویات سنٹر، ہسپتال میں قائم کنٹرول روم اور پانی کے بور سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے ہر شعبے کی کارکردگی، دستیاب سہولیات، مریضوں کو درپیش مشکلات اور ان کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ کمشنر نے ہسپتال میں زیرِ علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹروں کی موجودگی، تشخیص اور علاج کے معیار کے بارے میں براہِ راست معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مریضوں سے ہسپتال میں کی جانے والی اصلاحات اور انہیں درپیش مسائل کے حوالے سے بھی آگاہی حاصل کیا۔ ادویات سنٹر کے دورے کے موقع پر کمشنر نے ہسپتال میں دستیاب ادویات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی ادویات اور ادویات کی تقسیم کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں آنی چاہیے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ صحت عامہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور عوام کو معیاری، بروقت اور باعزت طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ لورالائی ٹیچنگ ہسپتال نہ صرف ضلع لورالائی بلکہ پورے لورالائی ڈویژن اور ملحقہ اضلاع کے عوام کے لیے ایک اہم طبی مرکز کی حیثیت رکھتا ہے، جہاں دور دراز علاقوں سے مریض علاج معالجے کے لیے آتے ہیں انہوں نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال نے محدود وسائل کے باوجود عوام کو مختلف شعبوں میں طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے قابلِ ذکر اقدامات کیے ہیں، تاہم ہسپتال کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے مسلسل نگرانی، مؤثر انتظامی اقدامات اور دستیاب وسائل کے بہتر استعمال کی ضرورت ہے کمشنر نے ڈاکٹرز اور طبی عملے کی حاضری کے حوالے سے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی بروقت اور یقینی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

بقیہ 2

ضلعی افسران، قبائلی عمائدین، اساتذہ کرام، طلباء اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے بھارت کے خلاف نعرے لگائے اور عالمی برادری سے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا تفصیلات کے مطابق 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے سلسلے میں منعقدہ تقریب کا آغاز ایک منٹ کی خاموشی سے ہوا، جس کے بعد ڈپٹی کمشنر آفس سے ایک منظم ریلی نکالی گئی۔ ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی آفیسرز کلب پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم، کشمیر کے پرچم اور مختلف پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی، بھارتی اقدامات کی مذمت اور کشمیر کی آزادی کے حق میں نعرے درج تھے ریلی کے شرکاء نے پرجوش نعرے بازی کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔ اس موقع پر شرکاء نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا اور مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوامِ متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ 27 اکتوبر کو پورے پاکستان میں یومِ سیاہ کے طور پر منایا جاتا ہے، جس کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کرنا اور دنیا کی توجہ مقبوضہ جموں وکشمیر کی صورتِ حال کی جانب مبذول کرانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی افواج کی کشمیر میں آمد اور بھارتی قبضے کے خلاف کشمیری عوام ہر سال یومِ سیاہ مناتے ہیں، جبکہ پاکستان اس دن اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہونے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے ڈپٹی کمشنر نے مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضے کی مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ اور دیگر عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حل اور کشمیری عوام کو ان کا حقِ خود ارادیت دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ 3

جمالی کے قریب نوتال پولیس تھانے کی حدود ربی کینال خالق آباد کے ایریا میں کوئٹہ سے پشاور جانے والی مسافر ٹرین جعفر ایکسپریس پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا اور ٹرین پر چار راکٹ لانچر فائر کیے گئے سیکیورٹی فورسز کے مطابق راکٹ لانچر فائر کرنے سے ٹرین اور مسافر محفوظ رہے جبکہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی فائرنگ سے مسلح افراد فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے پورے علاقے کا گھیراؤ کر لیا اور سرچ آپریشن کے بعد علاقے کو کلیئر کر دیا گیا جبکہ سخت سیکیورٹی کی نگرانی میں ٹرین کو جیکب آباد روانہ کر دیا گیا۔

بقیہ 4

مستقبل کے معماروں کو اس موذی مرض سے محفوظ بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے پولیو کے خاتمے اور عوام میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لیے منعقدہ آگاہی واک کے دوران میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی سربراہی میں پولیو کے خاتمے اور ویکسین کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا جس میں مختلف محکموں کے افسران، طلباء اور شہریوں نے شرکت کی۔ واک کا مقصد عوام میں پولیو کے خلاف شعور بیدار کرنا اور والدین کو بچوں کی ویکسینیشن کی اہمیت سے آگاہ کرنا تھا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر الیاس کبزئی نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور لاعلاج مرض ہے، جو چھوٹے کو عمر بھر کی معذوری سے دوچار کر سکتا ہے، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس بیماری سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ پولیو ویکسین کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت نہ برتیں اور ہر مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں انہوں نے بتایا کہ ضلع سیوی میں 2 نومبر سے شروع ہونے والی پولیو مہم کے دوران مجموعی طور پر 43 ہزار 178 بچوں اور بچیوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ یہ مہم 6 نومبر تک جاری رہے گی انہوں نے متعلقہ حکام اور مہم میں حصہ لینے والے عملے پر زور دیا کہ وہ مقررہ اہداف کے حصول کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے

بقیہ 5

۔مزید برآں، اضافی پوئنٹس قانونی میٹر رکھنے والے صارفین کے کھاتوں میں شامل کیے جانے کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں، جس کے باعث صارفین کو ان کے استعمال سے زیادہ بل ادا کرنے کی مشکلات کا سامنا ہے ایک جانب مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے، تو دوسری جانب بجلی کی محدود فراہمی کے باوجود بھاری بلوں کا اجراء صارفین کے لیے شدید پریشانی کا باعث بن رہا ہے۔ صارفین نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے بلوں، میٹر ریڈنگ اور اضافی پوئنٹس کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، غیر ضروری پوئنٹس کی درستگی کی جائے اور بسیمہ میں بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 6

مواصلات وتعمیرات احمد سعید جعفر نے بھی روڈ پر جاری ترقیاتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران ایس ڈی او نے سڑک کی تعمیر میں استعمال ہونے والے مواد کی جانچ پڑتال کی اور کام کے معیار اور رفتار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر موجود ٹھیکیداروں اور تکنیکی عملے کو ہدایات جاری کیں کہ منصوبے میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام مقررہ معیارات اور مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ اس موقع پر سوشل میڈیا کے نمائندوں اور علاقے کے لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ڈی او نے کہا کہ وہ براہِ راست بلوچستان کے واضح احکامات ہیں کہ صوبے کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کیا جائے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز تک میسر آ سکیں۔ محکمہ مواصلات وتعمیرات اسی وژن کے تحت دن رات کوشاں ہے اور عوامی فلاح کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کچی روڈ کی تعمیر سے تحصیل درگ اور ملحقہ علاقوں کے مکینوں کو آمدورفت میں درپیش طویل مدتی مشکلات کا خاتمہ ہوگا، جس سے نہ صرف سفری سہولیات بہتر ہوں گی بلکہ علاقے میں معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی زبردست فروغ ملے گا۔ علاقے کے قبائلی عمائدین، کسانوں اور مقامی عوام نے بھی روڈ پر کام کے آغاز اور اس کی پیشرفت پر بھرپور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان، محکمہ مواصلات وتعمیرات کی کاوشوں کو سراہا ہے۔

بقیہ 7

سے وابستہ ممتاز افراد اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ چوہدری فضل احمد کی وفات سے ایک ایسی شخصیت ہم سے جدا ہوئی جس نے اپنی 1969-2012 پیشہ ورانہ زندگی قومی خدمت، فنی مہارت، دیانت داری اور عزم و استقلال کے ساتھ گزاری۔ مرحوم نے بطور چیف انجینئر منگلا ڈیم، وارسک ڈیم، گوجرانولہ، گجرات اور سعودی عرب میں اہم ذمہ داریاں نبھائیں

بقیہ 8

کی ہدایات پر محکمہ اطلاعات خیبر پختونخوا نے پرنٹ میڈیا کے واجبات کی مد میں پہلی قسط جاری کر دی ہے۔ آل پاکستان نیوز پیپر زسوسائٹی کی خیبر پختونخوا کمیٹی کے چیئرمین پیر ہارون شاہ اور اراکین کمیٹی نے اس پیش رفت پر گورنر فیصل کریم کنڈی، صوبائی وزیر اطلاعات قمر ہارون بلور، سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر بختیار خان، ڈائریکٹر جنرل اطلاعات انصار اللہ اور اے پی این ایس کے صدر سینیٹر سرمد علی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ کمیٹی نے کہا کہ واجبات کی ادائیگی کے لیے یہ عملی اقدام اخبارات و جرائد کو درپیش مالی مشکلات میں کمی لانے اور ادائیگیوں کے عمل کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بقایاجات کی ادائیگی کا عمل متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق جاری رہے گا۔

بقیہ 9

نشوونما کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ہارٹیکلچر عبدالرحیم بلوچ اور انوائرمنٹ آفیسر حمل دشتی نے ڈائریکٹر جنرل کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں، جدید ڈرپ ایریگیشن نظام اور شجرکاری کے تحت لگائے جانے والے پھولدار پودوں اور درختوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن خان نے اس موقع پر ہدایت کی کہ شجرکاری کے منصوبے کو محض پودے لگانے تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ ان کی باقاعدہ دیکھ بھال، حف

بقیہ 1

بلوچستان کے اضلاع پنجی اور وڈھ میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ناکام بنایا جائے گا۔ پاک فوج کے شعب تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ضلع پنجی میں ایڈووکیٹ نے جیل حکام کو جمع کرائی۔ فہرست میں فدا عباسی، ذیشان وڑائچ، احتشام عباسی، محسن جاوید، زاہد عباسی اور نادیہ خٹک کے نام شامل ہیں۔

بقیہ 6

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے تہران اجلاس کو ممکن بنایا، تہران اجلاس کی تصاویر پوری دنیا نے دیکھیں، پاکستان پر امید ہے، تہران اجلاس کا اچھا نتیجہ نکلے گا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ تاریخ میں یاد رکھا جائے گا کہ پاکستان نے امن کیلئے کوششیں کیں، یہ پاکستان کیلئے فخر کا موقع ہے، امن کیلئے پاکستان کے کردار کی دنیا معترف ہے۔ انہوں نے کہا کہ 28ویں ترمیم پر ابھی کوئی مشاورت شروع نہیں ہوئی، ابھی دسمبر میں وقت ہے، مستقبل میں کیا ہوگا یہ وقت بتائے گا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ تمام قیدیوں نے نئی ماڈل جیل میں منتقل ہونا ہے، اس میں بائی پی ٹی آئی بھی ہوں گے، اسلام آباد ماڈل جیل مکمل فعال ہونے کے بعد اسلام آباد انتظامیہ فیصلہ کرے گی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ کے پی حکومت کی واپسی پر کوئی بات نہیں ہوگی، خیبر پختونخوا حکومت کا چیپٹر بند ہو چکا ہے، سہیل آفریدی کا مستقبل تاریک نظر آ رہا ہے، سہیل آفریدی نے تحریک انصاف کا بیڑہ غرق کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی، شاہد خٹک، مینا خان آفریدی، شفیع جان پی ٹی آئی کا بیڑہ غرق کر دیا، بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو حفاظتی تحویل میں لیا گیا تھا، ریاست سمجھے گی کہ نقص امن کا خطرہ نہیں تو بہنوں کو رہا کر دیا جائے گا، بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کے بیانات بھارتی میڈیا نے چلائے، بہنوں نے اڈیالہ کے باہر ہنگامہ برپا کئے رکھا تھا، برطانیہ یا امریکا ہوتا تو بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو سزائیں ہو چکی ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کا وجود نہیں رہا، ان کے لوگ کمپرومائز ڈ ہیں، پی ٹی آئی کے بہت سے لوگ ہم سے ملتے رہتے ہیں، گلہ کرتے ہیں، جنید اکبر نے اسلام آباد کو سومنات کا مندر بنانے کا کہا تھا، پی ٹی آئی پورے کے پی میں 100-150 لوگ بھی نہیں نکال سکی۔ انہوں نے کہا کہ محمود اچکزئی اسلام آباد کو کابل بھی نہیں کہہ سکتے تو بہت سے مسائل حل ہو جائیں گے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ محمود اچکزئی اسلام آباد کی بات بعد میں کرتے ہیں، پہلے کابل کی کرتے ہیں، محمود اچکزئی کو اسلام آباد کا ذکر زیادہ کرنا چاہیے، مولانا فضل الرحمان ہمارے لئے قابل احترام ہیں، مولانا فضل الرحمان قومی سلامتی کے معاملات کو سیاست سے الگ رکھیں، مولانا فضل الرحمان کو دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا، مولانا فضل الرحمان کے پی میں مثبت کردار ادا کریں۔ عطا تارڑ کا نے کہا کہ کے پی میں اپوزیشن کی جگہ بنی ہے، شاید مولانا چاہتے ہیں وہ حاصل کریں، مولانا فضل الرحمان کا ریاست مخالف بیانیہ لے کر چلنا مناسب نہیں ہوگا

بقیہ 7

کرنے کے قابل بنائے گا۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد میں بنوشاہین پروگرام کے تحت 1,700 ٹیوں کی تکمیل کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ قائداعظم یونیورسٹی میں بنوشاہین کے 50 چیپٹرز کا قیام اس قومی اقدام کی توسیع میں اہم پیش رفت ہے۔ وزارت منصوبہ بندی نے ملک بھر کی 165 سے زائد جامعات 1700 چیپٹرز قائم کیے ہیں تاکہ نوجوانوں کو ترقیاتی منصوبہ بندی سے جوڑنے کے ساتھ ان کے خیالات اور ترجیحات کو قومی پالیسی سازی میں شامل کیا جاسکے۔ احسن اقبال نے کہا کہ بنوشاہین کا مقصد نوجوانوں کو علامہ اقبال کے شاہین کی طرح خوداعتماد، باصلاحیت اور عملی کردار ادا کرنے والا بنانا ہے جو پاکستان کے مسائل پر مایوسی کا اظہار کرنے کے بجائے ان کے حل کے لیے آگے بڑھیں۔ کامیاب قومیں مسائل کے ساتھ دستیاب مواقع کو بھی پہچانتی ہیں اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر مشکلات کو ترقی کے مواقع میں تبدیل کرتی ہیں۔ تحریک پاکستان کے کارکنوں کی بے لوث جدوجہد کا حوالہ دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ نسل 1947 نے محدود وسائل کے باوجود ایک آزاد مملکت حاصل کرنے کا خواب حقیقت میں بدلا۔ اس نسل نے ذاتی مفادات اور مراعات کے بجائے ایک بڑے قومی مقصد کے لیے جدوجہد کی۔ آج کے نوجوانوں کے پاس ایک آزاد، خودمختار اور ایٹمی طاقت رکھنے والا ملک، تعلیمی ادارے، وسائل اور مواقع موجود ہیں، اس لیے ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس ورثے کو آگے بڑھائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آزادی کے سو سال مکمل ہونے پر 2047 میں ملک کو ایک نئی منزل پر پہنچنا چاہیے۔ پاکستان کو تین ٹریلین ڈالر کی معیشت میں تبدیل کرنا ایک اہم قومی ہدف ہے جس کے حصول کے لیے نوجوان نسل کو ترقی کے عمل میں مرکزی کردار ادا کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے اپنی تاریخ میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں تاہم قومی ترقی کی رفتار برقرار رکھنے میں ناکامیوں کا دیانت دارانہ جائزہ بھی ضروری ہے۔ ویتنام کی برآمدات میں غیر معمولی اضافے کی مثال دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو یہ سمجھنا ہوگا کہ بعض ممالک نے کس طرح ترقی کی رفتار میں اسے پیچھے چھوڑا، محض صلاحیت اور وسائل کافی نہیں، ان سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے سازگار ماحول، درست پالیسیاں، تسلسل اور موثر عمل درآمد ضروری ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ بنوشاہین کے تحت نوجوان اپنے علاقوں کے سماجی و معاشی ترقیاتی اشاریوں کا جائزہ لیں گے

بقیہ 8

وجوہات اور حالیہ سرجری کے بعد صحت سے متعلق مسائل کے ساتھ ساتھ اپنے ضمیر (کی آواز) کو بھی اس فیصلے کی بنیاد قرار دیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے (بی بی سی) کے مطابق صدر مملکت کو 28 اکتوبر 2026ء کو بتایا گیا اپنے استعفیٰ میں جسٹس کیانی نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ اور لاہور ہائی کورٹ میں خدمات انجام دینا ان کے لیے اعزاز کی بات رہی۔ اپنے عدالتی دور کے دوران انہوں نے مختلف نوعیت کے 23 ہزار سے زیادہ مقدمات نمٹائے اور ہمیشہ آئین کی بالادستی، بنیادی حقوق کے تحفظ اور بلاخوف و امتیاز انصاف کی فراہمی کی کوشش کی۔ اپنے استعفے میں انہوں نے موقف اختیار کیا کہ میری رائے میں 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم کے ذریعے متعارف کروائی گئی تبدیلیوں نے ہائی کورٹس کی خودمختاری اور ادارہ جاتی سلامتی کو متاثر کیا ہے۔ میں نے عدلیہ کے اداروں پر ایگزیکٹو (انتظامیہ) کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کا مشاہدہ کیا ہے، جس کا دائرہ ججوں کی تقرری اور تبادلوں تک پھیل چکا ہے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ میری نظر میں اس قسم کی مداخلت نے عدلیہ کی آزادی اور عدالتی عمل کی غیر جانبداری پر عوام کے اعتماد کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جس کے نتیجے میں انصاف کی فراہمی کے نظام پر عوامی یقین متزلزل ہوا ہے۔ اپنے استعفیٰ میں جسٹس کیانی نے عام سائلین کی صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ نظامِ انصاف کے اصل فریق عام سائلین ہوتے ہیں اور ان کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جبکہ انصاف کی فراہمی کے لیے قائم نظام کے ثمرات دیگر حلقوں کو حاصل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ موجودہ حالات میں میرا ضمیر مجھے عدالتی منصب پر برقرار رہنے کی اجازت نہیں دیتا۔ جسٹس محسن اختر کے مطابق یہ ایک تکلیف دہ فیصلہ ہے تاہم وہ سمجھتے ہیں کہ عدالتی عہدہ آزادی، آئین سے وفاداری اور انسانی وقار کے تحفظ سے الگ نہیں ہو سکتا۔ استعفیٰ میں جسٹس کیانی نے یہ بھی کہا کہ وہ اب وکالت کے شعبے میں واپس جانا چاہتے ہیں، جہاں وہ عوامی حقوق کے تحفظ اور قانونی آگاہی کے فروغ کے لیے اپنی خدمات جاری رکھیں گے۔ اپنے استعفیٰ میں جسٹس محسن اختر کیانی نے خاص طور پر 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان ترامیم کے نتیجے میں ہائی کورٹس کی خودمختاری اور عدالتی آزادی متاثر ہوئی ہے

بقیہ 10

پیدا ہو سکتا ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام کی مرضی کے بغیر صوبوں کی تقسیم نہیں ہونی چاہیے، نئے صوبے بنانے کا فیصلہ عوام کی مرضی سے ہونا چاہیے، صوبوں کے معاملے پر قومی اتفاق رائے ضروری ہے۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اجلاس 8 گھنٹے جاری رہا جس میں 70 ایم این ایز اور سینیٹرز نے شرکت کی، 28 ویں ترمیم ایجنڈے میں شامل تھی نہ اس پر بحث ہوئی، 28 ویں ترمیم پر کوئی فیصلہ یا منجوز سامنے نہیں آئی۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ پارلیمانی پارٹی نے قیادت پر متفقہ اعتماد کا اظہار کیا اور قیادت کے کردار کو سراہا

بقیہ 11

اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے پٹرولیم ڈویژن کے حکام سے ملاقات میں قیمتوں میں روبدل کا سابقہ 15 روزہ نظام بحال کرنے کا مطالبہ کیا، جس پر حکام نے اس نظام کی بحالی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، پاکستان پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے سیکریٹری اور اڈیشنل سیکریٹری پٹرولیم سے ملاقات کے دوران پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی کے نظام پر اپنے تحفظات پیش کیے۔ پٹرول پمپ مالکان کا مؤقف تھا کہ قیمتوں میں یومیہ ردوبدل سے کاروباری استحکام متاثر ہو رہا ہے اور کاروبار چلانے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ قیمتوں میں تبدیلی کے لیے پہلے سے رائج 15 روزہ طریقہ کار دوبارہ نافذ کیا جائے

بقیہ 12

روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کا فیصلہ کر لیا ہے اس ضمن میں وزیراعظم آفس کی ہدایات کے تحت ہر اصلاحات پیشرفت نگرانی کے لیے مانیٹرنگ کمیٹی قائم کر دی گئی۔ وزارتِ صحت میں پمز ایشن میٹرکس پر عمل درآمد کے لیے 3 رکنی مانیٹرنگ کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ دستاویز کے مطابق جوائنٹ سیکریٹری، وزارت صحت انور الحق کمیٹی کے چیئرمین مقرر کر دیے گئے

بقیہ 13

کاری کے لئے جاری کوششوں کی رفتار برقرار رکھی جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت پاکستان کی تجارت اور برآمدات کے فروغ سے متعلق بین الوزارتی اجلاس منعقد ہوا جس میں عالمی تجارت، بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی اور انسانی حقوق، مزدوروں کے حقوق اور ماحولیاتی نظم و نسق سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم نے تجارتی سہولتوں کو بہتر بنانے، پاکستانی مصنوعات کے معیار میں بہتری اور یورپی یونین کے جی ایس پی پلس فریم ورک سے مؤثر اور جامع انداز میں استفادہ کرتے ہوئے منڈیوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اسحاق ڈار نے برآمدات میں اضافے کے لئے حکومت کے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمت عملی کے عزم کا اعادہ کیا اور متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی کہ تجارت کے فروغ اور سہولت کاری کے لئے جاری کوششوں کی رفتار برقرار رکھی جائے۔ اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹریز خارجہ، تجارت اور انسانی حقوق، یورپی یونین اور یکیم میں پاکستان کے سفیر، صوبوں، آزاد جموں و کشمیر اور متعلقہ وزارتوں و محکموں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 14

کی اور انہیں جاری ہاؤسنگ سکیموں بارے پیشرفت سے آگاہ کیا۔ بدھ کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے امور اور ترقیاتی منصوبوں بارے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ رہائشی منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 15

ٹیلیکشن کے مطابق ضلع چاغی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ویسٹرن چاغی کے نام سے نیا ضلع قائم کر دیا گیا ہے جس کا ہیڈکوارٹر نوکنڈی میں ہوگا جبکہ ضلع سب ڈویژن تفتان اور ماشکیل پر مشتمل ہوگا، نئے ضلع میں تحصیل تفتان، تحصیل ماشکیل اور تحصیل نوکنڈی شامل ہیں جبکہ ضلع چاغی کا ہیڈکوارٹر دالبندین میں ہوگا جبکہ سب ڈویژن دالبندین اور چاغی پر مشتمل ہوگا جس میں تحصیل دالبندین، تحصیل چاغی، تحصیل یک مچ، سب تحصیل چار سر شامل ہونگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ماشکیل کو واشک سے الگ کر کے نوتخلیق کردہ ضلع ویسٹرن چاغی میں شامل کر دیا گیا ہے اب ضلع واشک سب ڈویژن واشک، بسیمہ، ناگ اور تحصیل واشک، بسیمہ، ناگ اور سب تحصیل شاہ گوری پر مشتمل ہوگا۔

بقیہ 16

کہ مذاکرات کی میز پر مسائل حل نہیں ہوتے تو اپوزیشن اسی طرح ماتمی ہوتی رہے گی، مسائل کا حل بات چیت سے نکالا جائے۔ جسٹس محسن اختر کیانی کے استعفے سے متعلق سوال پر طلال چوہدری نے کہا کہ جج نے استعفے کی وجوہات لکھی ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر 18 ویں یا 19 ویں ترمیم سے جج بنے تو وہ کیا زیادہ مقدم ہوں گے؟ اگر 26 ویں اور 27 ویں ترمیم سے کوئی جج بنے تو وہ کم مقدم ہیں؟

بقیہ 17

حالت میں ہے، یہ بحران خارجی دشمنوں کی وجہ سے نہیں بلکہ ہماری اندرونی بدکاریوں، رشوت خوری، بے ایمانی کی وجہ سے پاکستان مشکل میں ہے، حکمرانوں کی مخالفت کو غداری سمجھا جاتا ہے ہم ریاست کے مخالف نہیں، ہم پاکستان میں آبادی کے لحاظ سے اپنی حق حکمرانی چاہتے ہیں خیبر پشتونخوا کے لانگ مارچ کے موقع پر مذاکرات ہو رہے تھے اور نتیجہ خیز ثابت ہو گئے، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی یہ مطالبہ کر رہا تھا میں یہ دھرنا ختم کرونگا صرف مجھے میرے لیڈر عمران خان سے ملنے دیا جائے، انہیں مذاکرات کرنے والوں نے پوچھے بغیر راضی کر دیا تھا کہ ٹھیک ہے، درمیان میں اتوار تھا سوموار کے دن ہم عمران خان سے ملاقات کرینگے۔ مولانا فضل الرحمن صاحب بحیثیت مذاکرات کنندہ جب صبح وہاں گئے تو انہوں نے کہا کہ کابینہ کا اجلاس ہوگا اور اجلاس میں پھر یہ فیصلہ ہوا کہ خیبر پشتونخوا میں گورنر راج کیوں کہ وہاں دہشت گردی ہے۔ کونسی دہشت گردی؟ سندھ میں کچے کے علاقے میں بچوں، عورتوں کو اغواء کیا جا رہا ہے اور سندھ حکومت بارہا کہتی رہی کہ ہماری وہاں رٹ نہیں ہے۔ یہاں ہمارے صوبے میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ پشاور خیبر پختونخوا سے حالات بدتر ہے لیکن یہاں کیوں گورنر راج نہیں لگایا گیا۔ آج بھی پاکستان ایک اچھا ملک بن سکتا ہے اور اس کا واحد راستہ یہ ہے کہ یہاں جمہوری اداروں کو مضبوط کیا جائے، منتخب پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنایا جائے، ہر ادارہ آئین کے متعین کردہ حدود میں رہے

بقیہ 18

قدر میں مزید کمی ریکارڈ کی گئی، جس کے بعد ڈالر 3 پیسے سستا ہو کر 276 روپے 77 پیسے پر بند ہوا۔ فاریکس مارکیٹ کے مطابق گزشتہ کاروباری روز انٹر بینک میں ڈالر 276 روپے 80 پیسے پر بند ہوا تھا، تاہم بدھ کو کاروبار کے اختتام پر اس کی قیمت میں معمولی کمی دیکھی گئی۔ انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں کمی کے نتیجے میں روپے کی قدر میں معمولی بہتری ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 19

بدل دیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری کیے گئے بیان میں کہا ہے کہ میری حمایت کے نتیجے میں اسرائیلی وزیراعظم نیت نیاہو کی فیصلہ کن شکست کا منظرنامہ ممکنہ کٹھن یا کامیابی میں تبدیل ہو گیا۔ امریکی صدر نے لکھا کہ یہ سب کچھ میری حمایت کے بعد ہوا، میں صرف مشرقِ وسطیٰ، اسرائیل اور امریکا کی بہتری چاہتا ہوں۔ ابتدائی نتائج میں تھین یاہو کے اتحاد نے اب تک 55 نشستیں حاصل کی ہیں

بقیہ 20

ریلوے کی بحالی اور انقلابی اصلاحات کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ بدھ کو وزیراعظم آفس میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزارت ریلوے کے انتظامی، مالیاتی اور اصلاحاتی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر حنیف عباسی نے وزیراعظم کو پاکستان ریلوے کی کارکردگی اور جاری منصوبوں سے آگاہ کیا۔ پاکستان ریلوے کی فرنٹ سروسز میں بہتری اور مسافروں کو جدید سہولیات کی فراہمی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 21

ہوئے دلیل کی بنیاد پر بات کرنا چاہتے ہیں، ان کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے میں سیکیورٹی کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوشکی کے گرلز کالج میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ روز کالج میں بی ایل اے کے دہشت گرد داخل ہوئے اور تین طالبات کو زخمی کیا۔ زخمی طالبات میں سے دو کو شدید چوٹیں آنے کے باعث فوری طور پر کوئٹہ منتقل کیا گیا، جہاں حکومت ان کے بہترین علاج اور دیکھ بھال کو یقینی بنا رہی ہے، جبکہ تیسری طالبہ کو معمولی چوٹیں آئیں اور اس کا علاج نوشکی میں کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ پہلے دن سے یہ سوال اٹھا رہے ہیں کہ دہشت گرد آخر چاہتے کیا ہیں؟ بلوچ بچیوں کو تعلیم سے دور کرنا، ان پر حملے کرنا اور معصوم طالبات کو گولیوں کا نشانہ بنانا کون سی بلوچیت اور کون سی روایات ہیں؟ بلوچ معاشرہ اپنی روایات کا امین ہے، لیکن اب بلوچستان کے لوگوں پر واضح ہو چکا ہے کہ یہ عناصر بلوچ بچیوں کو تعلیم سے دور رکھنے اور انہیں خودکش حملہ آور بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بلوچستان کے بچے اور بچیاں تعلیم حاصل نہیں کریں گے تو دہشت گرد انہیں ریاست پاکستان کے خلاف پروپیگنڈے کے ذریعے استعمال کرنے کی کوشش کریں گے اور وہ ان کے لیے آسان ہدف بن جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے اس بزدلانہ کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام، بالخصوص زخمی طالبات اور ان کے والدین کو یقین دلایا کہ حکومت ان قاتلوں کا پیچھا نہیں چھوڑے گی۔ سیکیورٹی فورسز ان ظالموں اور دہشت گردوں تک پہنچ کر انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ واقعہ بلوچستان کے دانشوروں، پروفیسرز اور سول سوسائٹی کے لیے لمحہ فکریہ ہے کہ ایسے حملوں سے دہشت گرد کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ایک طرف بلوچستان حکومت اپنی بچیوں کے لیے آکسفورڈ اور ہارورڈ جیسے تعلیمی اداروں کے دروازے کھولنے کی کوشش کر رہی ہے، جبکہ دوسری طرف دہشت گرد انہیں خودکش جیکٹیں پہنانے اور علم سے دور رکھنے کے درپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی دہشت گرد متعدد پروفیسرز کو قتل کر چکے ہیں اور اب ان کی کارروائیوں کا دائرہ طلبہ اور طالبات تک پہنچ گیا ہے۔ یہ عناصر مسلسل اپنی حدود عبور کر رہے ہیں، تاہم ریاست اور حکومت بلوچستان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور بلوچستان پولیس کے ساتھ مل کر اس دہشت گردی اور بربریت کا مقابلہ کرے گی۔ انہوں نے بشیر زیب، رحمان گل، اللہ نذر اور دیگر دہشت گردوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ بھارتی مفادات کے لیے کام کرتے ہوئے اس حد تک گر چکے ہیں کہ اب نہتی بلوچ بچیوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، جو صرف تعلیم حاصل کرنے کے لیے کالج آتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد پروپیگنڈے کے ذریعے بچیوں کو ریاست کے خلاف خودکش حملوں پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسی متعدد بچیوں کو حکومت میڈیا کے سامنے بھی پیش کر چکی ہے، جن سے پوچھ گچھ کے دوران ان عناصر کی گھناؤنی سرگرمیوں کے شرمناک پہلو سامنے آئے، تاہم ان کی تفصیلات میڈیا یا دیگر فورمز پر بیان کرنا مناسب نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ حکومت بلوچستان اپنے اسکول اور کالج کسی صورت بند نہیں کرے گی۔ حکومت پہلے ہی 3,200 بند اسکول کھول چکی ہے اور اب ان اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑنے کے بجائے مزید آباد کرے گی۔ انہوں نے نوشکی گرلز کالج میں زخمی ہونے والی طالبات سے اظہار یکجہتی کے لیے اعلان کیا کہ یوٹمز یونیورسٹی میں اسپورٹس گالا منعقد کیا جائے گا، جبکہ نوشکی کے اسی کالج میں زخمی طالبات کے نام سے اسپورٹس فیسٹیول بھی منعقد ہوگا۔ محکمہ کھیل دونوں مقامات پر ان بہادر، غیور اور دلیر بچیوں کے نام سے اسپورٹس فیسٹیول منعقد کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان سرگرمیوں کے ذریعے دہشت گردوں کو واضح پیغام دیا جائے گا کہ وہ جتنی بھی کوشش کر لیں، حکومت کو اسکول اور کالج بند کرنے پر مجبور نہیں کر سکتے۔ حکومت ان تعلیمی اداروں کو آباد رکھے گی اور بلوچستان کی گلیوں کو بھی زندگی اور سرگرمیوں سے بھرپور بنائے گی۔ دہشت کی فضا مستقل طور پر ختم کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ کئی روز سے سیکیورٹی فورسز لازوال قربانیاں دے کر پہاڑوں اور ان ٹھکانوں میں دہشت گردوں کا تعاقب کر رہی ہیں جہاں وہ چھپ کر پناہ لینے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہیں شہری مراکز سے بھی نکالا جائے گا اور پہاڑوں سے بھی، اور ان کے انجام تک پہنچنے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جو لوگ دلیل کی بنیاد پر اور ریاست کے آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے بات کرنا چاہتے ہیں، ان کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر اللہ نذر کے اپنے بچے فرانس اور دیگر مقامات پر تعلیم حاصل کر سکتے ہیں تو کیا بلوچ بچیوں کو نوشکی کے کالج میں تعلیم حاصل کرنے کا حق نہیں؟ کیا انہیں آگے بڑھنے کا حق نہیں؟ انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی بچیوں کو تعلیم، شعور اور ترقی کے مواقع فراہم کرے گی اور نوجوانوں کے لیے روزگار، کاروبار اور ذریعہ معاش کے پروگراموں پر توجہ مرکوز رکھے گی۔ یوتھ پالیسی سمیت حکومت کی تمام کوششوں کا مرکز بلوچستان کے نوجوان ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردوں کے ایسے سفاکانہ حملے حکومت کے ارادوں کو کمزور نہیں کر سکتے بلکہ اس عزم کو مزید مضبوط بناتے ہیں۔ حکومت پاک فوج کے ساتھ مل کر بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ 22

چیمبر میں ہونے والی ملاقات میں وفاقی وزرا اور پیپلز پارٹی کے وفد نے شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات کے دوران رائٹ آف وے بل پر پیپلز پارٹی نے سخت موقف اپناتے ہوئے کہا کہ نجی ملکیتی زمین پر زبردستی کیسے ٹاور لگایا جاسکتا ہے۔ وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ بل میں ترامیم پر رضامند ہو گئیں۔

بقیہ 23

بات کرنا ہوگی، ہمارے دروازے بات چیت کیلئے کھلے ہیں، کے پی میں گورنر راج 6 ماہ بعد اٹھا لیا جائے گا، امن قائم ہونے پر ایمرجنسی بھی اٹھالیں گے، پاکستان کو غیر مستحکم کرنے میں کچھ ممالک دہشت گردوں کے معاون ہیں، ان میں بھارت اور افغانستان پیش پیش ہیں، ملک سے دہشت گردوں کے خاتمے کے لئے ایک پالیسی اختیار کرنی ہوگی، آزاد کشمیر کے لوگ ہمارے دل کے قریب ہیں، انہیں تین روپے یونٹ بجلی اور دو ہزار روپے من آٹا مل رہا ہے، یہ ہمارے دور میں ہی ملا جسے جاری رکھیں گے، کشمیر اور پاکستان میں فاصلے پیدا نہیں ہونے دیں گے۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں مختلف ارکان کی جانب سے اٹھائے گئے نکتہ اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ دہشتگردی کا نشانہ بننے والوں کے گھر والوں سے جا کر اس کا دکھ اور کرب پوچھیں، دہشت گردی کے خاتمے کے لئے صوبائی حکومت اور سول انٹظامیہ کا تعاون ہر صورت لازم تھا۔ انہوں نے کہا کہ کے پی مکمل گورنر راج اور پورے صوبے میں ایمرجنسی نافذ ہے، 12 اضلاع میں وفاق سے معاونت براہ راست دینے کے لئے انہیں خصوصی حیثیت دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پشاور کے دورے کے دوران وزیراعظم نے 160 ارب روپے کی گرانٹ کی منظوری دی۔ انہوں نے کہا کہ اس گرانٹ سے پولیس کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائے گا، 12 اضلاع میں زیادہ پیسہ لگے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں سے 4 سے 6 ماہ میں یہ علاقے کلیئر کر کے علاقے پولیس کے حوالے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 12 سال سے زائد پی ٹی آئی کی صوبے میں حکومت رہی اور آج یہ اپنے آپ کو معاشرے کا پسا ہوا طبقہ قرار دے رہے جو ناکامی کا اعتراف ہے۔

بقیہ 24

قومی مفاہمت، آئین کے احترام اور عوامی مینڈیٹ تسلیم کرنا ہوگا۔ کوٹ لکھپت جیل میں قید شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ، میاں محمود الرشید، اعجاز چوہدری نے وکیل رانا مدثر عمر کے ذریعے بیان جاری کیا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے بیان میں کہا کہ پاکستان کا سیاسی منظرنامہ افسوسناک صورتحال اختیار کر چکا ہے، موجودہ حکومت منظم انداز میں آئین پاکستان کو نقصان پہنچا رہی ہے جبکہ بانی پی ٹی آئی کو سیاسی منظرنامے سے ہٹانے کے لیے غیر قانونی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ بعض 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم نے عدلیہ کو تباہ کر دیا، پیکا ایکٹ کے ذریعے میڈیا کی آواز دبائی جا رہی ہے

بقیہ 25

زمین کے تنازعے پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے تین افراد محمد ایاز، نواز خان اور اعجاز احمد کو ہلاک اور 4 افراد شیر محمد، عبدالمالک، محمد ایوب اور جمیل احمد کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے نعشیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا

بقیہ 26

مسترد کر دیا ہے کہ اس نے آبنائے باب المندب کے علاقے میں یمنی فوج کی پیش قدمی روک دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے بتایا کہ یمنی حکومت کے مطابق باب المندب کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کے لیے فوجی آپریشن جاری ہے، فوجی آپریشن کے دوران حوثی جنگجوں اور ان کے جنگی ساز و سامان کو نقصان پہنچایا گیا ہے۔ یمنی مسلح افواج نے دعویٰ کیا کہ فوجی آپریشن کے دوران گزشتہ 24 گھنٹوں میں 1300 سے زائد فضائی حملے کیے گئے جن میں حوثی گروپ کے کمانڈ سینٹرز، جنگجوؤں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ 27

سے بریفنگ دی جاتی ہے، پارلیمانی سیاست میں ہلکی پھلکی موسیقی بھی نہ ہو تو پھر کیا فائدہ؟ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی نے متعدد پروڈکشن آرڈرز جاری کیے ہیں، معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے پروڈکشن آرڈر جاری کرنا اسپیکر کا اختیار ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض اوقات حراست کے حکم کے علاوہ بھی کئی مقدمات ہوتے ہیں، ایسے معاملات میں پروڈکشن آرڈر جاری کرنے کے لیے اسپیکر اپنی صوابدید استعمال کرت

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینیٹر سعید الحسن اور پارلیمنٹیرینز سردار عبدالرحمٰن کھیتران، نوابزادہ زرین مگسی، زرک مندوخیل ملاقات کررہے ہیں

سیکرٹری اطلاعات
معلومات تک رسائی شفاف طرزِ حکمرانی اور عوامی اعتماد کیلئے اہم

سرکاری اداروں میں معلومات کی بروقت اور مؤثر فراہمی سے عوام کو حکومتی امور سے باخبر رکھنے اور ادارہ جاتی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے

ازخود معلومات کی تشہیر سے مراد ضروری سرکاری معلومات کو پیشگی عوام کے لیے دستیاب بنانا ہے، عبدالشکور خان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکریٹری اطلاعات حکومتِ بلوچستان عمران خان نے کہا ہے کہ معلومات تک رسائی کا حق شفاف طرزِ حکمرانی، جوابدہی اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، جبکہ سرکاری اداروں میں معلومات کی بروقت اور مؤثر فراہمی سے عوام کو (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

صحت عامہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ولی محمد بڑیچ

ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی بروقت اور یقینی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا دورے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

عالمی برادری کشمیر کے دیرینہ مسئلے کے منصفانہ حل کے لیے عملی اقدامات کرے، الیاس کبزئی

پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی

سیوی (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح سیوی میں بھی 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری بہن بھائیوں سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی سربراہی میں ڈپٹی کمشنر آفس سے آفیسر کلب تک ریلی نکالی گئی، جس میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

جامعہ گوادر اور NIMA پاکستان کے درمیان بحری تحقیق اور تعلیمی تعاون کے فروغ کے لئے آن لائن اجلاس منعقد ہورہا ہے

قلم کی طاقت بندوق سے زیادہ ہے
بلوچستان اس وقت نازک دور سے گزر رہا ہے
گورنر مندوخیل

نوجوان ہماری سب سے بڑی طاقت ہیں، اور ہم ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کررہے ہیں

نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کہ دوسرے نوجوانوں کو بھی قومی دھارے میں لانے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کریں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن (MSF) کے زیرِ اہتمام پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان ہماری سب سے بڑی طاقت ہیں، اور ہم ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے بھرپور اقدامات (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ نے 5 بہن بھائیوں، والدہ کی کفالت کی ذمہ داری اٹھالی

بچوں کو تعلیم کے ساتھ مناسب رہائش اور دیگر ضروری سہولیات بھی فراہم کی جائیں، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو کے ذریعے توجہ حاصل کرنے والے ڈھابے پر کام کرنے والے یتیم بچے منیر احمد سمیت پانچ بہن بھائیوں اور ان کی والدہ کی مکمل کفالت کی ذمہ داری اٹھالی ہے۔ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان ڈویژنل پبلک سکول سیوی کے دورے کے دوران طلباء سے تدریسی سوالات پوچھ رہے ہیں

طلباء محنت، لگن اور نظم وضبط کو اپنا شعار بنائیں، عرفان اللہ خان

تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے

سیوی/ نامہ نگار) کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان نے ڈویژنل پبلک سکول سیوی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سکول کے پرنسپل بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران کمشنر نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء سے تعلیمی سرگرمیوں، نصاب اور مختلف مضامین کے حوالے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

چھتر کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد 50 سے زائد اونٹ چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر کے علاقے میں مسلح افراد کا گاؤں پر حملہ پچاس سے زیادہ اونٹ چھین کر فرار ہوگئے جن کی مالیت لاکھوں روپے بتائی جارہی ہے

ڈیرہ مراد جمالی میں زخمی ہونے والا پولیس اہلکار ہسپتال میں دم توڑ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سے تعلق رکھنے والا پی سی اہلکار لاپتہ ہونے کے بعد زخمی حالت میں برآمدگی دوران علاج ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا ورثاء کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی بی سی پولیس کانسٹیبل ظفر اللہ تنیہ دوران ڈیوٹی کوئٹہ سے لاپتہ ہوگیا

اے پی این ایس کا حکومتی قیادت اور متعلقہ حکام سے اظہارِ تشکر

محکمہ اطلاعات خیبر پختونخوا نے پرنٹ میڈیا کے واجبات کی مد میں پہلی قسط جاری کردی

کراچی (پ ر) اے پی این ایس خیبر پختونخوا کمیٹی کا حکومتی قیادت اور متعلقہ حکام سے اظہارِ تشکر۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور صوبائی وزیر اطلاعات شمر ہارون بلور (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

درخت اور پودے لگانا اہم اقدام ہے، معین الرحمٰن خان

درختوں کی حفاظت اور مناسب نگہداشت زیادہ توجہ اور مسلسل محنت کا تقاضا کرتی ہے

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان نے میرین ڈرائیو سرکل پر جاری شجرکاری منصوبے کا دورہ کیا اور پودوں کی آبپاشی، دیکھ بھال اور (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات بریفنگ دے رہے ہیں

گنداخہ، میندراوں کا نہری پانی کی کمی اور بھل صفائی کے حوالے سے اجلاس

گنداخہ شاخ میں پانی کی قلت اور نہروں میں بھل صفائی نہ ہونے پر شدید تشویش کا اظہار

گنداخہ (نورحسن جمالی) مدرسہ جامعہ اسلامیہ دارالعلوم علی المرتضیٰ گنداخہ میں زمینداروں کی گنداخہ شاخ میں نہری پانی کی شدید کمی اور بھل صفائی نہ ہونے کے حوالے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

محکمہ مال ضلعی انتظامیہ کا ایک اہم شعبہ ہے، محمد حسیب شجاع

زرعی انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری محصولات کی وصولی کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے انتظامی امور سے متعلق گیارہواں جائزہ اجلاس (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

چھتر، نامعلوم افراد نے سڑک تعمیر میں مصروف 2 مزدوروں کو اغواء کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر میں زیرِ تعمیر سڑک کے کام کے دوران نامعلوم مسلح افراد کا حملہ دو مقامی مزدوروں کو اغواء کرکے فرار ہوگئے واقعے کے بعد سڑک کی تعمیر کا کام روک دیا گیا

تمبو، دوشیزہ نے خودکشی کرلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں دوشیزہ نے خودکشی کرلی پولیس کے مطابق تمبو کے علاقے بابا کوٹ پولیس تھانے کی حدود میں ایک دوشیزہ نے مبینہ طور پر ٹی ٹی پستل سے فائر کرکے خودکشی کرلی پولیس کے مطابق واقعہ مبینہ طور پر گھریلو ناچاقی بتایا جارہا ہے پولیس نے جائے وقوع پر پہنچ گئی اور لاش ہسپتال منتقل کردی جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی

عالمی برادری کشمیر کے دیرینہ مسئلے کے منصفانہ حل کے لیے عملی اقدامات کرے، الیاس کبزئی

بلوچستان میں معدنیات کے شعبے کی ترقی کیلئے نجی شعبے کی شرکت ناگزیر ہے
چیف سیکرٹری

بلوچستان کے معدنی وسائل صوبے کی معاشی ترقی، روزگار کے مواقع میں اضافے اور مقامی کاروباری سرگرمیوں کی وسعت کے لیے ایک بڑا سرمایہ ہیں

حکومت نجی شعبے کو فروغ دینے، کاروباری عمل کو آسان بنانے اور سرمایہ کاروں کے مسائل کے حل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرے گی

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت بلوچستان منرل ریسورسز لمیٹڈ (بی ایم آر ایل) اور بلوچستان منرلز ایکسپلوریشن کمپنی (بی ایم ای سی) کے امور و کارکردگی سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں دونوں سرکاری کمپنیوں کے موجودہ منصوبوں، ادارہ جاتی کارکردگی، معدنی وسائل کی تلاش اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیف سیکرٹری نے کمپنیوں کے انتظامی امور کا جامع جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے معدنی وسائل صوبے کی معاشی ترقی، روزگار کے مواقع میں اضافے اور مقامی کاروباری سرگرمیوں کی وسعت کے لیے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن پاکستان کے نائب صدر کی جانب سے کوئٹہ کے وکلاء کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے شرکاء سے میزبان سپریم کورٹ کے ایڈووکیٹ ملک خوشحال خان اعوان، منیر احمد کاکڑ، علی احمد کرد، ساجد ترین، نادر چھلگری، افضل حریفال، راحب بلیدی، مدثر ندیم، حبیب ناصر، جمیلہ کاکڑ اور دیگر خطاب کررہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی نامعلوم مسلح افراد کا جعفر ایکسپریس پر راکٹ حملہ

مسافر اور ٹرین محفوظ رہی سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی کے بعد مسلح افراد فرار ہوگئے ٹرین کو سخت سیکورٹی میں جیکب اباد روانہ کردیا

واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے پورے علاقے کا گھراو، سرچ اپریشن کے بعد علاقے کو کلیئر کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم مسلح افراد کا جعفر ایکسپریس پر راکٹ سے حملہ تاہم مسافر اور ٹرین محفوظ رہی سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی کے بعد مسلح افراد فرار ہوگئے ٹرین کو سخت سیکورٹی میں جیکب اباد روانہ کردیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

بولان کے علاقے ڈنگڑا میں فائرنگ، باپ بیٹا جاں بحق، ایک شخص زخمی

بولان (یو این اے) بولان کے علاقے ڈنگڑا میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے باپ بیٹا جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ مبینہ طور پر زمینی تنازعے کے باعث پیش آیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں کریم بخش ولد میاں خان اور ان کے بیٹے مزمل ولد کریم بخش جاں بحق ہوگئے، جبکہ عبدالخالق ولد غلام محمد، قوم ڈنڈو، زخمی ہوا۔

پروفیسر برکت اسماعیل کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کا دورہ

گوادر (خ ن) ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر (کالجز) مکران ڈویژن پروفیسر برکت اسماعیل نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فیکلٹی ممبران کے ساتھ اجلاس میں تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں، طالبات کی حاضری اور کالج کے انتظامی امور کا جائزہ لیا اس موقع پر کالج کے پرنسپل سین بلوچ نے ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران کو کالج کے کارکردگی اور اب تک کی پیش رفت سے انہیں آگاہ کیا ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران ڈویژن پروفیسر برکت اسماعیل نے طالبات کی حوصلہ افزا تعداد اور بہترین حاضری پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے معیاری تعلیم کے فروغ، تدریسی عمل میں بہتری اور طالبات کی تعلیمی استعداد بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا

چوہدری فضل احمد انتقال کرگئے

لاہور (پ ر) ڈائریکٹر میڈیا، ورکرز ویلفیئر فنڈ، وزارتِ سمندر پار پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل، چوہدری ضمیر اشرف کے سسر اور واپڈا کے سابق جنرل منیجر ہائیڈل چوہدری فضل احمد انتقال کرگئے۔ مرحوم کو واپڈا ٹاؤن لاہور کے قبرستان میں سپردِ خاک کردیا گیا۔ ان کی نمازِ جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات، واپڈا کے اعلیٰ حکام، انجینئرنگ کے شعبے (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

مولانا فضل الرحمٰن کی تقریر کی بین بلیک آؤٹ آزادی اظہار پر حملہ ہے
مولانا واسع

اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے قائد جمعیت کا نام لیے جانے کے فوراً بعد آواز بند ہونے اور نشریات رکنے کے واقعے پر قوم کو واضح جواب دیا جائے

دلیل، حقائق اور اصولی سیاست کا جواب خاموشی یا بلیک آؤٹ نہیں بلکہ دلیل سے دینا چاہیے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ اور دیگر رہنماؤں نے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی قومی اسمبلی میں تقریر کے دوران مبینہ طور پر آواز بند کرنے اور لائیو کوریج روکنے پر شدید برہمی اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

مسئلہ کشمیر کا حل خطے میں پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہے، سینیٹر ثناء جمالی

27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر، کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں

فیض آباد (یونس رحیم نوتکانی) سینیٹر ثناء جمالی نے 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر 1947ء کشمیر کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب بھارتی افواج مقبوضہ کشمیر میں داخل ہوئیں۔ یہ دن کشمیری عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور حقِ خودارادیت کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

سونمیانی میں یوم سیاہ کشمیر کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد

طالبات نے مقبوضہ کشمیر میں قیام امن انصاف اور آزادی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کیں

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سونمیانی میں یوم سیاہ کشمیر کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا بنیادی مقصد مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور طالبات میں مسئلہ کشمیر کی اہمیت کے حوالے سے شعور بیدار کرنا تھا۔ تقریب (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

بلوچستان کی ٹریڈ یونین تنظیموں نے ''لیبر کوڈ'' مزدور دشمن قرار دیکر مسترد کردیا

لیبر کوڈ کی آڑ میں مزدوروں پر ٹھیکیداری نظام مسلط کیا جارہا ہے: عبدالستار، شاہ علی بگٹی، منظور بلوچ

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور بلوچستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز سمیت بلوچستان سے تعلق رکھنے والی سی بی اے ٹریڈ یونین تنظیموں نے ''لیبر کوڈ'' کو مزدور دشمن قرار دیکر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی موجودگی میں سی ای او عبدالمنان اور ٹی ڈیپ کے نقور علی اچکزئی ویمن انٹرپرینوز نیٹ ورک نمائش کے معاہدے پر دستخط کررہے ہیں

ڈاکٹر ماہ نور بارکت کا مزید چار سرکاری اسکولوں کا دورہ

طلبہ کے داخلوں، تدریسی عمل، بنیادی ڈھانچے اور مجموعی تعلیمی ماحول کا معائنہ کیا

اور ماڑہ (خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں معیارِ تعلیم کی بہتری اور تعلیمی نظم وضبط کو یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ ڈاکٹر ماہ نور بارکت نے مزید چار سرکاری اسکولوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، شاہنواز بلوچ

اساتذہ کی غیر حاضری کسی صورت قابلِ قبول نہیں

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) ثناء اللہ ثناء سمیت محکمہ تعلیم قلات و خالق آباد کے افسران اور آر ٹی ایس ایم (RTSM) شاہنواز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، صوبائی سیکریٹری اطلاعات عمران خان ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے زیرِ اہتمام تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پولیو خطرناک اور لاعلاج بیماری ہے، الیاس کبزئی

پولیو سے بچاؤ پولیو ویکسین کے دو قطرے پلانے سے ممکن ہے

سیوی (نامہ نگار) پولیو ایک خطرناک اور لاعلاج بیماری ہے، جس سے بچاؤ پولیو ویکسین کے دو قطرے پلانے سے ممکن ہے۔ والدین 2 نومبر سے شروع ہونے والی پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو ویکسین کے دو قطرے لازمی پلوائیں تاکہ (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

بسیمہ میں بجلی صرف چار گھنٹے، بل ہزاروں روپے

اضافی یونٹس کا بوجھ لیگل کنکشن صارفین پر ڈالنے کا انکشاف، صارفین شدید پریشان

بسیمہ (نامہ نگار) بسیمہ میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ اور بھاری رقم بلوں نے صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے، صارفین کے مطابق علاقے میں روزانہ صرف چار گھنٹے بجلی فراہم کی جاتی ہے، جبکہ اس کے باوجود بھاری بل بھیج کر عوام پر مالی بوجھ ڈالا جارہا ہے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

ترقیاتی منصوبے میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، احمد سعید جعفر

صوبے کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کیا جائے

موسیٰ خیل (خ ن) حکومت بلوچستان کے مواصلات وتعمیرات کی ترقی کے ویژن اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل درگ میں کچی روڈ کی تعمیر و مرمت کا کام انتہائی تیزی سے جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ڈی او (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، صوبائی سیکریٹری اطلاعات عمران خان ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے زیرِ اہتمام تقریب سے خطاب کررہے ہیں

تعلیم کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے، لعل جان جعفر

گورنمنٹ پرائمری سکول کلی رحم الدین کوئٹہ، بہترین سکولوں میں شامل

کوئٹہ (یو این اے) سیکرٹری سکولز ایجوکیشن بلوچستان حاجی لعل جان جعفر نے کہا ہے۔ کہ تعلیم کا فروغ موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اور پڑھا لکھا بلوچستان وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا وژن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے سکولوں گرانٹ چیکس تقسیم کرنے کے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

شرح سود میں کمی وقت کی اہم ضرورت ہے، سید امان شاہ

حکومت کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے موثر اقدامات اٹھائے، صوبائی صدر

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ملک میں معاشی استحکام، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور عوام کو درپیش معاشی مشکلات میں کمی کے لیے شرح سود میں مناسب کمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے شرح سود میں 0.5 فیصد اضافہ کرکے اسے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

خضدار پولیس کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے، یونس عزیز زہری

جدید سہولیات کی فراہمی سے پولیسنگ کا نظام مزید مضبوط ہوگا

خضدار (خ ن) خضدار سٹی پولیس تھانہ میں جدید سہولیات سے آراستہ لاک اپ رومز کا اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میڈ یونس عزیز زہری نے باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری تھے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ آپنی روڈ پر ٹوٹا سلیب نالے میں گرنے والا طالبعلم اپنی سائیکل دیکھ رہا ہے

جاری منصوبے مقررہ وقت پر مکمل کئے جائیں، سلیم کھوسو

صحبت پور میں جاری تمام فلاحی وتعمیری منصوبے مقررہ وقت کے اندر اور اعلیٰ ترین معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے مکمل کیے جائیں

ترقیاتی منصوبوں اور عمارات کے معیار پر کسی افسر کو سمجھوتہ کرنے کی اجازت نہیں، صوبائی وزیر

صحبت پور (یو این اے) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات میر سلیم احمد کھوسو نے صحبت پور میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے زیر تعمیر سڑکوں اور ضلعی کمپلیکس کی عمارت کا تفصیلی معائنہ کیا اور جاری کام کے معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر (ایکسین) پی اینڈ آر میر ارسلان رند اور ایکسین عبدالستار منگوئی سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی صوبائی وزیر کے ہمراہ (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

پشتونخوا میپ کوئٹہ کے ایگزیکٹوز کا اجلاس (آج) منعقد ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹوز کا اجلاس 29 اکتوبر بروز جمعرات سہ پہر 3 بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کے تمام اراکین کے بروقت شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس کے ایجنڈے میں پارٹی کے بانی خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے شہادت کی برسی کی تیاری، تنظیمی فعالیت، تحصیل کانفرنسز ہوں گے۔

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

مرتضیٰ خان کاکڑ 29 اکتوبر کو کوئٹہ پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اسلامی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ دیگر جماعتی ذمہ داران کے ہمراہ 29 اکتوبر، بروز جمعرات، سہ پہر 2 بج کر 30 منٹ پر کوئٹہ پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس کریں گے۔